Class: X
Pre Mid Term Examination: 2025-26
Subject: Urdu (Code 303)
Set: A2

مقررہ وقت:۳ گھنٹے

کل نمبر: ۵۰

کل صفحات:۴

اردو کورس ۔ بی

(حصہ ۔ الف -۱۰)

سوال نمبر۱: درجہ ذیل (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گیے سوالوں کے صحیح جواب لکھیے؟ ۵

سورج کی روشنی جب دریاوں جھیلوں اور سمندروں پر پڑتی ہے تو ان کے تھوڑے سے پانی کو بخارات بنا کر اڑا دیتی ہے۔ پانی کہ بخارات ہوا میں پھیل جاتے ہیں گرم ہوا میں ٹھنڈی ہوا کی بہ نسبت بخارات زیادہ ہو سکتے ہیں۔ پانی سے نم گرم ہوا جب ٹھنڈی ہوتی ہے یا سرد علاقے مثلا پہاڑوں سے گزرتی ہے تو اس کا کچھ حصہ پھر پانی بن جاتا ہے۔ جیسے ٹھنڈے گلاس کے باہری سطح پر بوندے بن جاتی ہیں بادل یا دھند بھی اسی طرح بنتی ہے بادلوں کو اگر اور ٹھنڈ ملے تو چھوٹی چھوٹی بوندیں آپس میں مل کر بڑی اور وزنی بوندیں بن جاتی ہیں جنہیں ہوا نہیں سنبھال پاتی اور بارش ہونے لگتی ہے۔ سردی کے موسم میں پہاڑوں پر ہر طرف برف ہی برف ہوتی ہے ٹھنڈی اور نم ہوا سے بھی برف بنتی ہے۔ برف کے ٹکڑوں کو غور سے دیکھا جائے تو ایسے چھوٹے ٹکڑے نظر آئیں گے جو خوش پہلو ہوتے ہیں۔

۱۔ سورج کی روشنی جب دریاؤں اور جھیلوں پر پڑتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

۲۔ پانی سے نم ہوا دوبارہ پانی کب بن جاتی ہے؟

۳۔ بادل یا دھند کس طرح بنتی ہے؟

۴۔ چھوٹی چھوٹی بوندیں کب وزنی اور بڑی بن جاتی ہیں؟

۵۔ برف کے ٹکڑوں کو غور سے دیکھا جائے تو کیا نظر آتا ہے؟

سوال نمبر۲: درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گیے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے؟ ۵

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی

اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا
لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا
وہ پیاری پیاری صورت وہ کامنی سی مورت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانہ
آتی نہیں صدائیں اس کی میرے قفس میں
ہوتی میری رہائی اے کاش میرے بس میں

۱۔ پرندوں کو کیا یاد آتا ہے ؟
۲۔ لفظ آزادی کا متضاد، لکھیے ؟
۳۔ دل پر چوٹ کیوں لگتی ہے ؟
۴۔ پرندے کا آشیانہ کس کے دم سے آباد تھا؟
۵۔ آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی اس شعر کا دوسرا مصرع لکھیے ؟

(حصہ -ب : تحریری مہارت -۱۷)

سوال نمبر۳: ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر کم از کم (150)الفاظ پر مشتعل مضمون لکھیں ؟ ۵

i- کھیل کود کے فایدے

ii- اسکول کا سالانہ جلسہ

سوال نمبر۴: سیکشن تبدیل کرنے کے لیے اپنے اسکول پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے ؟۴

یا

دوست کو امتحان میں اول نمبروں سے کامیاب ہونے پر مبارک باد کا ایک خط لکھیں ؟

سوال نمبر۵: نظیر اکبر آبادی کے حالات زندگی اور انکی شاعری پر ۱۰۰ الفاظ کا نوٹ لکھیے ۔۴

یا

قول کا پاس، سبق کا مرکزی خیال لکھیے ۔

سوال نمبر۶: میر تقی میر، یا، اسمٰعیل میرٹھی، کے حالات زندگی اور ان کی شاعری پر ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے ۔۴

(حصہ - ج: عملی قواعد - ۱۲)

سوال نمبر۷ : درجہ ذیل میں دیے گیے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے :

i- درج ذیل میں سے مونث کی پہچان کیجیے: ۲

راستہ

خوف

محنت

ہتھوڑا

ii-احمد کل آیا تھا،، - یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟ ۲

فعل مستقبل

فعل مجہول

فعل لازم

فعل حال

iii-امیروں کو کھانا کھلایا گیا،، - یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟ ۲

فعل معروف

فعل مجہول

فعل حال

فعل مستقبل

iv- ذیل میں سے مترادف الفاظ لکھیے ؟ ۲

رسم - غور

v- نیچے لکھے ہوے لفظوں کے متضاد لکھیے ؟ ۲

قید - سچ

vi- نیچے لکھے ہوے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے ؟ ۲

i- پاوں اکھڑنا-

ii - دانتوں میں انگلیاں دبانا

(حصہ ۔ د: ادب ۱۱)

سوال نمبر۸ :درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے ؟۴

(Iمیر تقی میر نے انسانی زندگی کی کیا حقیقت لکھی ہے ؟ (غزل میر)

(ii) ظالم کو ظلم کی کیا سزا ملتی ہے ؟ (نیکی اور بدی)

سوال نمبر۹:درج ذیل میں دیے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے ؟۳

(i) ٹھیکرے نے اپنے ایک کردار کے بارے میں کیا لکھا ہے ؟ (بے تکلفی)

(ii) چڑیا خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہے لکھے ؟ نظم کا نام اور شاعر کا نام بھی لکھیں ؟

(iii) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں ۔۔۔ حالت اب ضطراب کی سی ہے ۔

اس شعر کے حوالے سے بتایں کے بے چینی کے عالم میں شاعر پر کیا بیت رہی ہے ۔اور شاعر کا نام بھی لکھیں ۔

(ivاکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا؟

سوال نمبر۱۰:ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے متعلق اپنی معلومات قلم بند کریں ؟۴

اسمعیل میرٹھی ۔

نظیر اکبر آبادی - -